مسافرانِ آخرت

میاں علی احمد مرحوم: مجلس احرارِ اسلام سیالکوٹ کے صدر محترم میاں علی احمد صاحب ۱۵، فروری ۲۰۰۱ء کو طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے مرحوم کا شمار جماعت کے بزرگ کارکنوں میں ہوتا تھا۔ انہوں نے نصف صدی قبل احرار سے فکری و عملی تعلق قائم کیا اور مرتے دم تک احرار سے وابستہ رہے۔ تحریک کشمیر ۱۹۳۰ء تحریک تحفظ ختم نبوت ۱۹۵۳ء اور ۷۴ء میں بھرپور کردار ادا کیا۔ وہ اکابر احرار کی نشانی تھے میاں امجد حسین، محمد اشرف اور محمد ارشد آپ کے فرزند ہیں اور الحمدللہ مجلس احرار اسلام سے ہی وابستہ ہیں مجلس کے تمام رہنما اور کارکن میاں صاحب مرحوم کیلئے دعاء مغفرت کرتے ہیں اور لواحقین سے اظہارِ ہمدردی و تسلی اور صبر کی دعاء کرتے ہیں۔

طاہر ندیم مرحوم: معروف عالم دین اور جمعیت علماء اسلام کے رہنما مولانا عبدالمجید ندیم کے جواں سال فرزند محمد طاہر ندیم ۴، مارچ ۲۰۰۱ء کو ملتان میں قتل کر دیئے گئے قاتل دندنا رہے ہیں اور ابھی تک گرفتار نہیں ہوئے مولانا کیلئے یہ بہت ہی گہرا صدمہ ہے انہوں نے تو مقدمہ اللہ کی عدالت میں بھیج دیا ہے لیکن سوال یہ ہے کہ دنیا کی عدالتیں کس لئے قائم ہیں؟ یہ سوال پاکستان کی مظلوم عوام کے ہر فرد کی زبان پر ہے اور جواب کوئی نہیں اللہ تعالیٰ مولانا کو صبر عطاء فرمائے (آمین) عزیز طاہر ندیم کی مغفرت فرما کر درجات بلند فرمائے (آمین)

والدہ مرحومہ محمد عثمان: مجلس احرارِ اسلام ملتان کے رکن حافظ محمد عثمان، حافظ محمد فاروق اور حافظ محمد ابوبکر کی والدہ ماجدہ ۸، مارچ ۲۰۰۱ء کو انتقال کر گئیں۔

محمد شفیع چغتائی مرحوم: مجلس احرار اسلام ملتان کے رکن اور وفاق المدارس الاحرار کے سفیر ابومعاویہ محمد بشیر چغتائی کے چچا محمد شفیع چغتائی ۸، مارچ کو انتقال کر گئے۔

چیچاوطنی سے ہمارے دیرینہ کرم فرما محترم شیخ محمد رفیق کے بہنوئی محمد زاہد صاحب گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

اراکین ادارہ تمام مرحومین کیلئے دعاءِ مغفرت کرتے ہیں اور لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے ان کیلئے صبر کی دعاء کرتے ہیں۔ قارئین سے درخواست ہے کہ دعاء مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں (ادارہ)